23-07-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے آج مالی سال کا پہلا مرکزی بجٹ لوک سبھا میں پیش کیا۔ مرکزی بجٹ میں سب کے لیے مواقع پیدا کرنے کے لیےنو ترجیحات شامل کی گئی ہیں۔

......مرکزی بجٹ میں تنخواہ دار ملازمین کے لیے انکم ٹیکس میں معیاری کٹوتی 50,000 روپے سے بڑھا کر 75,000 روپے کر دی گئی ہے۔حکومت نے مدرا لون کی حد موجودہ دس لاکھ روپے سے بڑھا کر 20 لاکھ روپے کر دی ہے۔

......مرکزی بجٹ میں خواتین اورلڑکیوں کو فائدہ پہنچانے والی اسکیموں کے لیے تین لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ رقم مختص کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔

......وزیراعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے مرکزی بجٹ میں تلنگانہ کونظرانداز کئے جانے پر بجٹ کی سخت مذمت کی۔

......تلنگانہ اسمبلی کا آج آغاز ہوا۔اورکنٹونمنٹ ایم ایل اے لاسیہ نندیتا کوخراج پیش کرنے کے بعد اجلاس ملتوی کردیا گیا۔

LEAD BUDGET

وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے آج مالی سال 2024-25 کے لیے این ڈی اے حکومت کی تیسری میعاد کا پہلا مرکزی بجٹ لوک سبھا میں پیش کیا۔ مرکزی بجٹ میں سب کے لیے مواقع پیدا کرنے کے لیےنو ترجیحات درج کی گئی ہیں۔ یہ ترجیحات زراعت، روزگار اور ہنر مندی، جامع انسانی وسائل کی ترقی اور سماجی انصاف، مینوفیکچرنگ اور خدمات، شہری ترقی، توانائی کی حفاظت، بنیادی ڈھانچہ، جدت کی تحقیق اور ترقی اور آئندہ نسل کی اصلاحات ہیں۔ وزیرخزانہ نے زراعت، MSMEs، مینوفیکچرنگ اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں کو فروغ دینے کے اقدامات کا اعلان کیا۔

BUDGET TAX

وزیرخزانہ نرملا سیتارامن کی طرف سے آج پیش کردہ مرکزی بجٹ میں تنخواہ دار ملازمین کے لیے انکم ٹیکس میں معیاری کٹوتی 50,000 روپے سے بڑھا کر 75,000 روپے کر دی گئی ہے۔ اسی طرح پنشنرز کے لیے فیملی پنشن پر کٹوتی 15,000 روپے سے بڑھا کر 25,000 روپے کردی گئی۔اس سے تقریباً چار کروڑ تنخواہ دار افراد اور پنشنرز کو راحت ملے گی۔حکومت نے نئے ٹیکس نظام کا انتخاب کرنے والوں کے لیےٹیکس کی شرح کے ڈھانچے پر بھی نظرثانی کی ہے۔ 3 لاکھ روپے تک کی آمدنی پر کوئی انکم ٹیکس نہیں لگے گا۔ 3 لاکھ سے 7 لاکھ روپے کے درمیان آمدنی پر 5 فیصد انکم ٹیکس لگے گا۔ 7 لاکھ سے 10 لاکھ روپے کے درمیان کمانے والوں کو 10 فیصد انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ 10 لاکھ سے 12 لاکھ روپے تک کی آمدنی پر 15 فیصد ٹیکس لگے گا۔ 12 لاکھ سے 15 لاکھ روپے کے درمیان کمانے والوں کو 20 فیصد انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ 15 لاکھ روپے سے زیادہ کی آمدنی پر 30 فیصد ٹیکس لگے گا۔حکومت نے نئی پنشن اسکیم (NPS) کے لیے آجروں کے

اخراجات کی کٹوتی کو ملازمین کی تنخواہ کے 10 سے بڑھا کر 14 فیصد کردی ہے۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے وزیر خزانہ نے غیر ملکی کمپنیوں پر کارپوریٹ ٹیکس کی شرح 40 سے کم کر کے 35 فیصد کردی ہے۔ حکومت نے ہندوستانی اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم کو تقویت دینے، کاروباری جذبے کو فروغ دینے اور جدت طرازی کی حمایت کرنے کے لیے سرمایہ کاروں کے تمام طبقوں کے لیے نام نہاد angel tax کو ختم کردیا ہے۔ وزیر خزانہ نے اپیل میں زیر التوا انکم ٹیکس کے بعض تنازعات کے حل کے لیے ویواد سے وشواس اسکیم، 2024 کی تجویز پیش کی ہے۔

BUDGET MSME

ایم ایس ایم ای سیکٹر کو آگے بڑھاتے ہوئے حکومت نے مدرا لون کی حد موجودہ دس لاکھ روپے سے بڑھا کر 20 لاکھ روپے کردی۔ مرکزی بجٹ پیش کرتے ہوئے وزیر خزانہ نرملا سیتا رامن نے ایک پیکیج کا بھی اعلان کیا جس میں MSMEs کے لیے مالیاتی، ریگولیٹری تبدیلیاں اور ٹیکنالوجی کی مدد شامل ہے تاکہ ان کی ترقی اور عالمی سطح پر مقابلہ کرنے میں مدد ملے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ الگ سے تشکیل شدہ سیلف فنانسنگ گارنٹی فنڈ ہر درخواست دہندہ کو سو کروڑ روپے تک کی گارنٹی کور فراہم کرے گا جبکہ قرض کی رقم اس سے زیادہ ہوسکتی ہے۔ قرض لینے والے کو قرض کے بیلنس کو کم کرنے پر پیشگی گارنٹی فیس اور سالانہ گارنٹی فیس فراہم کرنی ہوگی۔ وزیر خزانہ نے MSMEs کو بینک کریڈٹ جاری رکھنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ایک نیا طریقہ کار بھی تجویز کیا۔

BUDGET -JOBS

وزیر خزانہ نے آج بجٹ 2024-25 میں روزگار سے منسلک تین ترغیبی اسکیموں کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ روزگار سے منسلک ترغیبی اسکیمیں ملازمین پراویڈنٹ فنڈ آرگنائزیشن کے ساتھ رجسٹریشن پر مبنی ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ اسکیمیں EPFO میں اندراج پر مبنی ہوں گی اور پہلی بار ملازمین کی شناخت اور ملازمین اور آجروں کی مدد پر توجہ مرکوز کریں گی۔ انہوں نے وضاحت کی کہ کام کی کڑی میں نئے داخل ہونے والے تمام ملازمین کو ایک ماہ کی اجرت ملنے سے 2.1 کروڑ نوجوانوں کو فائدہ ہوگا۔

BUDGET- WOMEN

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج خواتین اور لڑکیوں کو فائدہ پہنچانے والی اسکیموں کے لیے تین لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ رقم مختص کرنے کا اعلان کیا۔ مرکزی بجٹ پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت صنعت کے ساتھ مل کر ورکنگ ویمن ہاسٹلز کے قیام کے ذریعے ورکنگ کورس میں خواتین کی زیادہ شرکت کی سہولت فراہم کرے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت قبائلی اکثریتی دیہاتوں میں قبائلی خاندانوں کے لیے سیچوریشن کوریج کو اپناتے ہوئے پردھان منتری جن جاتیا اونتھ گرام ابھیان کا آغاز کرے گی۔

BUDGET PRICES

وزیر خزانہ نرملا سیتا رامن کی طرف سے کینسر کی دوائیوں اور موبائل فونز پر کسٹم ڈیوٹی میں بڑی کمی کا اعلان کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اس سے مارکیٹ میں ان کی قیمتوں میں کافی کمی آئی ہے۔ وزیر خزانہ نے موبائل فونز اور موبائل چارجرز پر کسٹم ڈیوٹی کو پندرہ فیصد تک کم کرنے کا

اعلان کیا۔سستی ہونے والی دیگر مصنوعات میں موبائل فون، درآمد شدہ سونا، چاندی، چمڑے کی اشیاء اور سمندری خوراک شامل ہیں۔ سونے اور چاندی پر ڈیوٹی میں 6 فیصد کی کمی سے ریٹیل ڈیمانڈ کو نمایاں طور پر تقویت ملے گی۔

BUDGET CM

چیف منسٹر تلنگانہ ریونت ریڈی نے مبینہ طور پر ریاست تلنگانہ کو مرکزی بجٹ میں نظر انداز کئے جانے پر سخت مذمت کی۔حیدرآباد میں آج میڈیا نمائندوں کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مرکز نے تلنگانہ کو تقسیم جدید ایکٹ کے تحت بھی فنڈس جاری نہیں کئے ہیں۔جبکہ تلنگانہ کی 35 فیصد عوام نے ووٹ دیتے ہوئے یہاں سے آٹھ ارکان پارلیمنٹ کو کامیاب بنایا تھا۔انہوں نے کہا کہ انہوں نے وزیراعظم سے تین مرتبہ ملاقات کی جبکہ ریاستی وزراء نے بھی مرکزی وزراء سے متعدد ملاقاتیں کیں۔باوجود اس کے تلنگانہ ریاست کو نظر انداز کیا گیا ہے۔جس کی سابق میں نظیر نہیں ملتی۔

UTTAM

تلنگانہ کے آبپاشی اور سیول سپلائی کے وزیر کیپٹن این اتم کمار ریڈی نے آج لوک سبھا میں پیش کردہ مرکزی بجٹ 2024-25 میں تلنگانہ کو نظر انداز کرنے پر وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کی سخت مذمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ بجٹ عوام کی ضروریات کو پورا کرنے کے بجائے بی جے پی کے اتحادیوں، جے ڈی (یو) اور ٹی ڈی پی کو خوش کرنے کے لئے سیاسی طور پر محرک ہے۔انہوں نے نوٹ کیا کہ آندھرا پردیش کو 15,000 کروڑ روپے اور دیگر فوائد ملے جن میں پولاورم پراجکٹ کے فنڈز بھی شامل ہیں، جبکہ کانگریس کے زیر اقتدار تلنگانہ کو نظر انداز کیا گیا۔ 2014" میں تلنگانہ کی تشکیل کے بعد سے یہ 11 واں بجٹ ہے، اس کے باوجود ریاست کو مرکز کی جانب سے نظر انداز کیا جا رہا ہے۔

ASSEMBLY

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس، جو آج شروع ہوا، کنٹونمنٹ بی آر ایس ایم ایل اے لاسیہ نندیتا کی موت پر تعزیتی تحریک پیش کرنے کے بعد ملتوی کر دیا گیا۔تعزیتی تحریک پیش کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اگرچہ آنجہانی سائیانا کی بیٹی لاسیہ نندیتا اب ہمارے درمیان نہیں رہیں لیکن وہ ہمیشہ کے لیے لوگوں کے دلوں میں زندہ ہیں۔حکومت ان کے عزائم کو آگے بڑھائے گی۔قانون ساز امور کے وزیر ڈی سریدھر بابو، ٹرانسپورٹ منسٹر پونم پربھاکر، ایم ایل اے کے ٹی آر، تلاسانی سرینواس یادو اور دیگر نے لسیہ نندیتا کی موت پر تعزیت کا اظہار کیا اور تعزیتی تحریک کی حمایت کی۔واضح رہے کہ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا کل پرسوں اسمبلی میں ریاستی بجٹ پیش کرنے والے ہیں۔یہ سیشن اس ماہ کی 31 تاریخ کو جاری رہے گا۔

SITAKKA

تلنگانہ پنچایت راج، خواتین اور اطفال کی بہبود کی وزیر سیتا کا نے معذور افراد کی جسمانی فٹنس کے بارے میں آئی اے ایس آفیسر سمتھا سبھر وال کے تبصروں پر تنقید کرتے ہوئے انہیں نامناسب قرار دیا۔آج حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کئی معذور آئی

اے ایس افسران اعلیٰ عہدوں پر فائز تھے اور انہوں نے گورننس اصلاحات میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے پر ذاتی خیالات مسلط کرنا درست نہیں اور وہ اس معاملے کو وزیر اعلیٰ تک پہنچائیں گی۔

BUDGET - AP

وزیر خزانہ نرملا سیتارامن نے مرکزی بجٹ 2024-25 میں آندھرا پردیش کے لیے 15,000 کروڑ روپے کے خصوصی مالیاتی پیکیج کا اعلان کیا۔ پیکیج کا اعلان کرتے ہوئے سیتارمن نے کہا کہ آندھرا پردیش کی راجدھانی کو ترقی دینے کے لیے پندرہ ہزار کروڑ روپے کا انتظام کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آندھرا پردیش ری آرگنائزیشن ایکٹ کے مطابق پسماندہ علاقوں کی مدد کی جائے گی۔

BUDGET-PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی بجٹ 2024-2025 وکست بھارت ہے جو معاشرے کے ہر طبقے کو فائدہ پہنچانے والے جامع مقصد کو یقینی بناتا ہے اور ایک ترقی یافتہ ہندوستان کی راہ ہموار کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے Employment Linked incentive scheme کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ملک میں کروڑوں نئی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ مرکزی بجٹ پر ایک ویڈیو پیغام میں۔ مودی نے کہا کہ بجٹ نئے مواقع، نئی توانائی، نئے روزگار اور خود روزگار کے مواقع لے کر آیا ہے۔ یہ قوم کے لیے بہتر ترقی اور روشن مستقبل لے کر آیا ہے۔ وزیر اعظم نے بجٹ کے لیے تمام شہریوں کو مبارکباد دی جو قوم کو ترقی کی نئی بلندیوں پر لے جانے کا پابند ہے۔ انہوں نے وزیر خزانہ نرملا سیتارمن اور ان کی پوری ٹیم کو بھی مبارکباد دی۔ ہندوستان کو دنیا کا مینوفیکچرنگ ہب بنانے کے عزم پر زور دیتے ہوئے، وزیر اعظم نے ملک کے متوسط طبقے کے ساتھ مائیکرو، سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز (MSME) کے روابط اور معاشرے کے غریب طبقے کے لیے اس کے روزگار کے امکانات پر زور دیا۔ مودی نے کہا کہ بجٹ میں جس نئی اسکیم کا اعلان کیا گیا ہے اس سے MSMEs کے لیے قرض کی آسانی میں اضافہ ہوگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ای کامرس، ایکسپورٹ ہب اور کھانے کے معیار کی جانچ سے ون ڈسٹرکٹ ون پروڈکٹ پروگرام کو نئی رفتار ملے گی۔

AD BUDGET PM

مرکزی وزراء جی کشن ریڈی اور بنڈی سنجے نے بھی مرکزی بجٹ کا خیر مقدم کیا۔

JAL JEEVAN MISSION

قومی جل جیون مشن نے آج ملک بھر میں 15 کروڑ دیہی گھرانوں کو نل کے پانی کے کنکشن فراہم کرتے ہوئے ایک تاریخی سنگ میل حاصل کیا۔ مشن نے بے مثال رفتار اور پیمانے پر دیہی نل کنکشن کوریج کو 2019 میں تین کروڑ سے بڑھا کر پانچ سال کے مختصر عرصے میں 15 کروڑ تک بڑھا دیا ہے۔ اس مشن کا اعلان 2019 میں کیا گیا تھا، جس کا مقصد 2024 تک ہر دیہات کے ہر گھر میں نل کے پانی کی فراہمی فراہم کرنا تھا۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں جل شکتی کے وزیر سی آر پاٹل نے کہا، اس سنگ میل نے نہ صرف دیہی علاقوں کے لوگوں کو خالص پانی کا تحفہ دیا ہے۔ بلکہ ہم وطنوں کے معیار زندگی کو بھی بہتر کیا۔

BUDGET -REACTION

فیڈریشن آف تلنگانہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز نے مرکزی بجٹ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بہت اچھا بجٹ ہے اور آتمانربھر بھارت کی طرف ایک قدم ہے۔ ایف ٹی سی سی آئی کے چیئرمین سریش کمار سنگھل نے کہا کہ صنعتوں کی خوشحالی کے لیے کئی اسکیموں اور پروگراموں کا اعلان کیا گیا ہے۔ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ، ارشاد نے کہا کہ حکومت نے روزگار کے مسائل کو حل کیا ہے اور مجموعی طور پر تمام اہم شعبوں کو شامل کیا ہے۔ ایف ٹی سی سی آئی کی خواتین کمیٹی کی صدر بھگوتی بلداوا نے بجٹ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس میں خواتین کی حوصلہ افزائی کے لئے کئی اعلانات کئے گئے ہیں۔

GODAVARI

دریائے گوداوری کے پانی کی سطح آہستہ آہستہ کم ہو رہی ہے۔ آج دوپہر تک پانی کی سطح 51 فٹ تک کم ہوگئی تھی۔ تاہم فی الحال سیلاب کی دوسری وارننگ جاری ہے۔